
# جغرافیہ

آٹھویں جماعت



# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرکے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی و کامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/(پر۔نمبر۱۶/۴۳) ایس ڈی-۴ مورّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء کے مطابق قائم کردہ رابطہ کارکمیٹی کی ۲۹/دسمبر ۲۰۱۷ء کومنعقدہ نشست میں اس کتاب کوتعلیمی سال ۱۸-۲۰۱۹ء سے درسی کتاب کے طور پر منظوری دی گئی۔

# جغرافیہ

## آٹھویں جماعت



मा विद्या या विमुक्तये
महाराष्ट्र राज्य पाठ्यपुस्तक निर्मिती व अभ्यासक्रम संशोधन मंडळ

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ۔

GYSCD4

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے توسط سے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code اسکین کرنے سے ڈیجیٹل درسی کتاب اور ہر سبق میں درج Q.R. code کے ذریعے متعلقہ سبق کی درس وتدریس کے لیے مفید سمعی وبصری وسائل دستیاب ہوں گے۔

پہلا ایڈیشن : 2018
تیسرا اصلاح شدہ ایڈیشن : 2021

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ ۴۱۱۰۰۴
اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔اس کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔

**مضمون جغرافیہ کمیٹی :**

- ڈاکٹر این۔ جے۔ پوار، صدر
- ڈاکٹر سریش جوگ، رکن
- ڈاکٹر رجنی مانک راؤ دیشمکھ، رکن
- شری سچن پرشورام آہیر، رکن
- شری گوری شنکر دتاتریہ کھوبرے، رکن
- شری آر۔ جے۔ جادھو، رکن-سکریٹری

**مضمون جغرافیہ اسٹڈی گروپ :**

- ڈاکٹر ہیمنت منگیش راؤ پیڈنیکر
- ڈاکٹر کلپنا پربھاکر راؤ دیشمکھ
- ڈاکٹر سریش گینو راؤ سالوے
- ڈاکٹر ہنمنت لکشمن نارائن کر
- ڈاکٹر پرڈیوگن ششی کانت جوشی
- شری سنجے شری رام پیٹھنے
- شری شری رام رگھوناتھ ویجاپورکر
- شری پنڈلک دتاتریہ نلاوڑے
- شری اتل دیناناتھ کلکرنی
- شری بابوراؤ شری پتی پووار
- ڈاکٹر شیخ حسین حمید
- شری اوم پرکاش رتن تھیٹے
- شری پدماکر پرلھاد راؤ کلکرنی
- شری شانتارام نتھو پاٹل

**Urdu Translators :**
Dr. Syed Yahya Nasheet
Mr. Masood Zafar Ansari
Dr. Ghulam Nabi Momin

**Co-ordinator (Urdu) :**
**Khan Navedul Haque Inamul Haque,**
Special Officer for Urdu,
M.S. Bureau of Textbooks, Balbharati

**Urdu D.T.P. & Layout :**
Asif Nisar Sayyed
Yusra Graphics, 305, Somwar Peth, Pune-11.

**Artists :**
Shri Bhatu Ramdas Bagale
Shri Nilesh Jadhav

**Cover & Designing :**
Shri Bhatu Ramdas Bagale

**Cartography:**
Shri Ravikiran Jadhav

**Production :**
Shri Sachchitanand Aphale
Chief Production Officer
Shri Vinod Gawde
Production Officer
Shrimati Mitali Shitap
Assistant Production Officer

**Paper :** 70 GSM Creamvowe
**Print Order :** N/PB/2021-22/(92,000)
**Printer :** M/s. Mauli Printers, Kolhapur

**Publisher**
**Shri Vivek Uttam Gosavi**
Controller,
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 25.

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں
اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :

**انصاف**، سماجی، معاشی اور سیاسی ؛

**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت ؛

**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع،

اور ان سب میں

**اُخوّت** کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتّحاد اور
سالمیت کا تیقّن ہو؛

**اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین**
**ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،**
**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

## راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَتَ - بھاگیَہ وِدَھاتا۔

پَنجاب، سِندُھ، گُجراتَ، مَراٹھا
دراوِڑَ، اُتکَل، بَنگَ،

وِندھیہ، ہماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَلَ دِھ ترَنگَ،

تَوَ شُبھَ نامے جاگے، تَوَ شُبھَ آ شِسَ ماگے،
گاہے تَوَ جَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دایَک جَیَہ ہے،
بھارَتَ - بھاگیَہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گوناگوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

عزیز طلبہ!

آٹھویں جماعت یعنی اعلیٰ ابتدائی تعلیم کے آخری سال میں آپ کا استقبال کیا جاتا ہے۔ تیسری جماعت سے پانچویں جماعت تک ماحول کا مطالعہ سے اور چھٹی اور ساتویں جماعت کی درسی کتاب میں آپ ایک مضمون کے طور پر 'جغرافیہ' پڑھتے آرہے ہیں۔ آٹھویں جماعت کے لیے جغرافیہ کی درسی کتاب آپ کو سونپتے ہوئے، ہمیں بڑی خوشی محسوس ہورہی ہے۔

اس درسی کتاب سے آپ جغرافیہ کے کچھ اعلیٰ درجے کے تصورات سیکھیں گے۔ بچپن سے آسمان میں دِکھائی دینے والے بادل، بارش کے متعلق خاص مطالعہ اس کتاب میں کریں گے۔ ہمارے نیلے سیارے کا اندرون کیسا ہے؟ انسان نے کس طرح اندرونی ساخت کا اندازہ لگایا، اس کا بیان درسی کتاب میں مختصراً دیا ہوا ہے۔ زمین کا زیادہ تر حصہ پانی سے ڈھکا ہوا ہے۔ اس پانی کے غلاف کی رفتار، بحری رویں اور ان میں پائی جانے والی قوت کا مطالعہ آپ کو اس کتاب کے ذریعے کرنا ہے۔ زمین کا استعمال، صنعت، آبادی انسانی زندگی کے اٹوٹ حصے ہیں۔ ان حصوں کا تجسّس آمیز تعارف اس درسی کتاب سے آپ کو ہوجائے گا۔ مستقبل میں بھی یہ تصورات آپ کے لیے مفید ثابت ہوں گے۔ ان اجزا کے شہری اور دیہی پہلوؤں کو بہتر طور پر سمجھ لیں۔ انسانی ارتقا اور ان اجزا کا باہمی تعلق مربوط کرنے کی کوشش کیجیے۔

ان تمام باتوں کو سکھانے کے لیے درسی کتاب میں کئی عملی کام، سرگرمیاں دی ہوئی ہیں۔ تخیلات پر مبنی سوالات مثلاً 'ذرا سوچیے، اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں، عمل کیجیے، بتائیے تو بھلا!، آئیے دماغ پر زور دیں' جیسے عنوانات کے تحت پیش کیے گئے ہیں۔ اس کا استعمال طلبہ کو واقعی میں ہوگا۔

درسی کتاب میں دیے ہوئے نقشے، تصاویر، عملی کام کا استعمال ضرور کیجیے جس سے جغرافیائی تصورات آسان اور سہل ہونے میں مدد ملے گی۔ دی ہوئی سرگرمی خود کر کے دیکھیے۔ اس سے قبل کی درسی کتابوں کے تصورات بھی آپ کے لیے فائدے مند ثابت ہوں گے، ان کا بھی استعمال کیجیے۔

آپ تمام کو دل کی گہرائیوں سے نیک خواہشات!

(ڈاکٹر سنیل مگر)
ڈائرکٹر
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

پونہ۔
تاریخ : ۱۸؍اپریل ۲۰۱۸ء، (اَکشے ترتیہ)
بھارتی سَور تاریخ : ۲۹؍چیتر ۱۹۴۰

# آٹھویں جماعت - جغرافیہ

| درس میں تجویز کردہ تعلیمی عمل | آموزشی ماحصل |
|---|---|
| طالب علم کو انفرادی طور پر/ جوڑی میں/گروہ میں مواقع فراہم کرنا اور انھیں درج ذیل امور کی ترغیب دینا - | طالب علم - |
| • گلوب یا دنیا کے نقشے کے طول البلدی خطوط سے مختلف علاقوں کا وقت سمجھنا۔<br>• بنیادی طول البلد سے دنیا کے مختلف مقامات کے مقامی وقتوں میں فرق معلوم کرنا۔ | 08.73G.01 زمین کے گلوب اور نقشے پر خطوط کا استعمال کر کے مقامی وقت اور معیاری وقت بتاتا ہے۔<br>08.73G.02 طول البلدی محل وقوع سے معیاری وقت اور مقامی معیاری وقت کو ان کے آپسی تعلق کے مطابق آسانی سے استعمال کرتا ہے۔ |
| • زمین کے اندرونی حصے کو سمجھنے کے لیے شکلیں/ ماڈلس/ بصری ماڈل/سمعی و بصری وسائل کا استعمال کرنا۔ | 08.73G.03 زمین کی اندرونی تشکیل کے تعلق سے خاکے، پروجیکٹ، ماڈل وغیرہ کے ذریعے وضاحت کرتا ہے۔ |
| • تجربات کے ذریعے عمل تبخیر، عمل تکثیف سمجھنا۔<br>• رطوبت پر اثر انداز ہونے والی اکائیوں کو سمجھنا۔<br>• تصویر اور سمعی و بصری وسائل کے ذریعے بادلوں کی معلومات حاصل کرنا۔ | 08.73G.04 تبخیر اور تکثیف کے قدرتی اعمال کے بارے میں معلومات بیان کرتا ہے۔<br>08.73G.05 رطوبت پر اثر انداز ہونے والے اجزا واضح کرتا ہے۔<br>08.73G.06 بادلوں کی قسمیں پہچان کر بارش کے تعلق سے اندازہ قائم کرتا ہے۔ |
| • شکل/ ماڈل/سمعی و بصری وسائل کے ذریعے سمندری فرش کی تشکیل کو سمجھنا۔<br>• بحری رو کے بننے کے عمل کو تجربے کے ذریعے سمجھنا۔<br>• آب و ہوا، ماہی گیری، آبی آمد و رفت پر بحری رووں کے ہونے والے اثرات سمجھنا۔ | 08.73G.07 سمندری فرش کی شکلیں خاکے سے پہچانتا ہے۔<br>08.73G.08 سمندری رسوب پر گفتگو کرتا ہے۔<br>08.73G.09 بحری رووں کی تشکیل کی وجوہات واضح کرتا ہے۔<br>08.73G.10 بحری رووں کے انسانی زندگی پر ہونے والے اثرات کو مثالوں کے ساتھ واضح کرتا ہے۔ |
| • تصاویر، نقشے، ماڈل کی مدد سے دیہی اور شہری علاقوں میں زمین کے استعمال کو بیان کرنا۔<br>• زمین کے استعمال کی تواتری تشکیل کو سمجھنا۔ | 08.73G.11 دیہی اور شہری زمین کے استعمالات میں فرق بتاتا ہے۔<br>08.73G.12 نقشے میں زمین کے استعمالات سے دیہی اور شہری بستیوں کی معلومات پیش کرتا ہے۔ |
| • آبادی ایک قدرتی دولت (وسیلہ) ہے، یہ سمجھنا۔<br>• آبادی کی عمر کے مطابق جماعت بندی کے لحاظ سے ، جنسی تناسب، پیدائش اور موت کی شرح، دیہی اور شہری تناسب، معیشت کے لحاظ سے تشکیل، خواندگی ان عوامل کے لیے ترسیمی نمونوں کا مطالعہ کرنا۔ | 08.73G.13 آبادی کے مطالعے کی اہمیت بتاتا ہے۔<br>08.73G.14 آبادی کی تشکیل کی وضاحت کرتا ہے۔<br>08.73G.15 آبادی کے معیار پر اثر انداز ہونے والے اجزا وجوہات کے ساتھ بتاتا ہے۔<br>08.73G.16 آبادی کی غیر مساوی تقسیم سمجھنے کے لیے دنیا کے نقشے کا مطالعہ کر کے وضاحت کرتا ہے۔ |
| • مختلف مثالوں کے ذریعے صنعتوں میں فرق سمجھنا۔<br>• صنعتی علاقوں کی سیر کر کے نیز حوالہ جات کے ذریعے معلومات حاصل کرنا۔<br>• صنعتوں پر عائد سماجی ذمہ داری پر مباحثہ کرنا۔<br>• نقشے کے ذریعے مہاراشٹر اور بھارت کی صنعتی ترقی کو سمجھنا۔ | 08.73G.17 مختلف صنعتوں کی جماعت بندی کرتا ہے۔<br>08.73G.18 صنعتوں کی اہمیت واضح کرتا ہے۔<br>08.73G.19 صنعتوں کی سماجی ذمہ داریاں (C.S.R.) بتاتا ہے۔<br>08.73G.20 صنعتی ترقی پر اثر انداز ہونے والے عوامل بتاتا ہے۔<br>08.73G.21 تکمیلی صنعتوں کے تصورات کی معلومات حاصل کرتا ہے۔ |
| • نقشے کی خواندگی میں پیمانوں کے لحاظ سے نتائج اخذ کرنا۔<br>• نقشے میں دیے ہوئے ایک پیمانے کو دوسرے پیمانے میں تبدیل کرنا۔<br>• نقشے کے پیمانوں کے لحاظ سے نقشے کی قسم سمجھنا۔<br>• کسی علاقے کا انتخاب کر کے علاقائی سیر کا عمل انجام دینا، سوال نامہ تیار کرنا۔<br>• معلومات کا تجزیہ کر کے معنویت کا جامہ پہنانا، روداد تیار کرنا۔ | 08.73G.22 دو مقامات کے زمینی فاصلے اور نقشے میں فاصلے کے ذریعے پیمانہ طے کرتا ہے۔<br>08.73G.23 نقشے کے پیمانوں کے لیے مختلف طریقوں کی مثالوں کے ذریعے وضاحت کرتا ہے۔<br>08.73G.24 نقشے کے پیمانوں کے لحاظ سے نقشے کی اقسام پہچانتا ہے۔<br>08.73G.25 نقشے کے پیمانوں کا عملی استعمال کرتا ہے۔<br>08.73G.26 علاقائی سیر کی منصوبہ بندی کرتا ہے۔<br>08.73G.27 علاقائی سیر کے لیے سوال نامہ تیار کرتا ہے۔<br>08.73G.28 حاصل کردہ معلومات کی مدد سے علاقائی سیر کی روداد تیار کرتا ہے۔ |

## – اساتذہ کے لیے –

- ✓ درسی کتاب کو پہلے خود سمجھ لیں۔
- ✓ ہر سبق کی سرگرمیوں کے لیے پوری توجہ سے آزادانہ منصوبہ بندی کریں۔منصوبہ بندی کے بغیر تدریس مؤثر ثابت نہیں ہوگی۔
- ✓ درس و تدریس کے دوران 'باہمی عمل'، 'عمل'، 'تمام طلبہ کی شمولیت' نیز آپ کی فعال رہنمائی نہایت ضروری ہے۔
- ✓ مضمون جغرافیہ کے صحیح تجزیے کے لیے ضروری ہے کہ اسکول میں دستیاب جغرافیائی وسائل کا حسبِ ضرورت استعمال کرتے رہیں۔ چنانچہ اسکول میں دستیاب گلوب، دنیا، بھارت اور ریاست کے نقشے، نقشوں کی کتاب (اٹلس)، تپش پیما جیسے وسائل کا استعمال ناگزیر ہے۔
- ✓ اسباق کی تعداد اگرچہ محدود ہے لیکن ہر سبق کے لیے ضروری پیریڈ کا بطور خاص خیال رکھا گیا ہے۔ غیر مرئی تصورات مشکل اور غیر واضح ہوتے ہیں اس لیے فہرست میں درج پیریڈ کا پورا پورا استعمال کریں۔سبق کو جلد ہی نہ نپٹائیں۔اس طرح طلبہ پر ذہنی بوجھ بھی نہ بڑھے گا اور مضمون کی تفہیم میں مدد ہوگی۔
- ✓ جغرافیائی تصورات کو دیگر سماجی علوم کی طرح آسانی سے سمجھنا مشکل ہوتا ہے۔جغرافیہ کے اکثر تصوّرات سائنسی اور غیر مرئی بنیادوں پر منحصر ہوتے ہیں۔ گروہی کام اور آپسی تعاون سے سیکھنے کے عمل کو اہمیت دی جائے۔اس کے لیے ازسرنو درجہ بندی کریں۔ جماعت کی درجہ بندی اس طرح کریں کہ طلبہ میں سیکھنے کی زیادہ سے زیادہ لگن پیدا ہو۔
- ✓ اسباق میں مختلف چوکون اور ان میں دی ہوئی معلومات بتانے والی 'گلوبی' کو شبیہہ کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ یہ شبیہہ طلبہ میں مقبول ہو اس کا خیال رکھیں جس کی وجہ سے طلبہ میں مضمون کے تئیں دلچسپی پیدا ہوگی۔
- × یہ درسی کتاب نظریۂ تشکیلِ علم اور عملی سرگرمیوں پر منحصر ہے۔اس لیے جماعت میں درسی کتاب کے اسباق پڑھ کر نہ سکھائے جائیں۔
- ✓ تصورات کی ترتیب کو مدنظر رکھ کر اسباق کی فہرست کے مطابق تدریس کی جائے۔
- × 'کیا آپ جانتے ہیں؟' کے تحت دی ہوئی معلومات کی قدر پیمائی نہ کی جائے۔
- ✓ درسی کتاب کے اختتام پر ضمیمہ دیا گیا ہے۔اس میں جغرافیائی اصطلاحات اور تصورات کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ ضمیمے کے الفاظ کو ابجدی ترتیب میں لکھا گیا ہے۔ ضمیمے میں شامل اصطلاحات کو سبق میں نیلے رنگ کے چوکون میں لکھا گیا ہے۔ مثلاً 'دن' (سبق ۱، صفحہ ۱)
- ✓ ضمیمے کے اختتام پر حوالہ جاتی ویب سائٹس دی ہوئی ہیں نیز حوالے کے طور پر استعمال کیے گئے وسائل کی معلومات بھی دے دی گئی ہے۔آپ سے اور طلبہ سے بھی ان حوالوں کا استعمال متوقع ہے۔ ان وسائل کی مدد سے آپ کو درسی کتاب سے پرے بھی معلومات حاصل کرنے میں مدد ہوگی۔اسے ذہن نشین رکھیں کہ مضمون کا مزید مطالعہ مضمون کو گہرائی سے سمجھنے کے لیے یہ ہمیشہ مفید ہوتا ہے۔
- ✓ قدر پیمائی کے لیے عملی کام پر اُکسانے والے، آزادانہ جواب والے، کئی متبادل اور غور طلب سوالوں کا استعمال کیا جائے۔سبق کے آخر میں مشق کے تحت ایسی کئی مثالیں دی ہوئی ہیں۔
- ✓ درسی کتاب میں دیے ہوئے 'کیو آر کوڈ' کا استعمال کریں۔




## – طلبہ کے لیے –







**گلوبی کا استعمال :** اس درسی کتاب میں گلوب کا استعمال بطور کردار کیا گیا ہے جسے 'گلوبی' نام دیا گیا ہے۔ یہ گلوبی آپ کو ہر سبق میں نظر آئے گی۔سبق کے مختلف متوقع اُمور کے لیے یہ آپ کی مدد کرے گی۔ ہر مقام پر اس کے ذریعے بتھائی گئی باتوں پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔

# فہرست


| نمبر شمار | سبق کا نام | شعبہ | صفحہ نمبر | متوقع پیریڈ |
|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | مقامی وقت اور معیاری وقت | عام جغرافیہ | ۰۱ | ۰۹ |
| ۲۔ | زمین کا اندرونی حصہ | طبعی جغرافیہ | ۰۹ | ۱۰ |
| ۳۔ | رطوبت اور بادل | طبعی جغرافیہ | ۱۶ | ۱۰ |
| ۴۔ | سمندری فرش کی بناوٹ | طبعی جغرافیہ | ۲۴ | ۰۹ |
| ۵۔ | بحری رویں | طبعی جغرافیہ | ۲۹ | ۰۹ |
| ۶۔ | زمین کا مصرف (استعمال) | انسانی جغرافیہ | ۳۵ | ۱۰ |
| ۷۔ | آبادی | انسانی جغرافیہ | ۴۲ | ۱۰ |
| ۸۔ | صنعت | انسانی جغرافیہ | ۵۲ | ۱۰ |
| ۹۔ | نقشے کا پیمانہ | عملی جغرافیہ | ۶۰ | ۰۸ |
| ۱۰۔ | علاقائی سیر | عملی جغرافیہ | ۶۸ | ۰۸ |
| ۱۱۔ | ضمیمہ | -- | ۷۰ | -- |
| ۱۲۔ | عملی صفحات | -- | ۷۵ | -- |



**S.O.I. Note :** The following foot notes are applicable : (1) © Government of India, Copyright : 2018. (2) The responsibility for the correctness of internal details rests with the publisher. (3) The territorial waters of India extend into the sea to a distance of twelve nautical miles measured from the appropriate base line. (4) The administrative headquarters of Chandigarh, Haryana and Punjab are at Chandigarh. (5) The interstate boundaries amongst Arunachal Pradesh, Assam and Meghalaya shown on this map are as interpreted from the "North-Eastern Areas (Reorganisation) Act. 1971," but have yet to be verified. (6) The external boundaries and coastlines of India agree with the Record/Master Copy certified by Survey of India. (7) The state boundaries between Uttarakhand & Uttar Pradesh, Bihar & Jharkhand and Chattisgarh & Madhya Pradesh have not been verified by the Governments concerned. (8) The spellings of names in this map, have been taken from various sources.

**DISCLAIMER Note :** All attempts have been made to contact copy righters (©) but we have not heard from them. We will be pleased to acknowledge the copy right holder (s) in our next edition if we learn from them.



**سرورق :** تیسری جماعت کے بچے اب آٹھویں میں آچکے ہیں۔ان کے تجربات کا اُفق بھی وسیع ہو رہا ہے۔اب وہ زمین کے اندرونی حصے اور زمینی مقناطیسی میدان کا تجربہ حاصل کررہے ہیں...(خیالی تصویر) **پشتی ورق :** سایے کا تجربہ کرتے ہوئے بچے۔بشکریہ ستیش جگدالے، شریمنت رانی نرملا راجے گرلز اسکول، اکل کوٹ۔ نقلِ مکانی کی ایک قسم۔بادل - بشکریہ آلیشا جادھو۔درجۂ حرارت اور رطوبت کی پیمائش کے آلات، مریانا خندق میں معائنے کے لیے جاتی ہوئی چھوٹی آبدوز۔